PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

دورہ نیوزی لینڈ کے پہلے پریکٹس میچ میں پاکستان ویمنز ٹیم کی 57 رنز سے کامیابی

کپتان ندا ڈار کی عمدہ بولنگ، چار وکٹیں حاصل کیں۔

کرائسٹ چرچ 28 نومبر، 2023:

پاکستان کی ویمنز کرکٹ ٹیم نے نیوزی لینڈ کے دورے کے پہلے پریکٹس میچ میں نیوزی لینڈ الیون کو 57 رنز سے شکست دیدی۔

برٹ سٹکلف اوول لنکن میں کھیلے گئے پچاس اوورز کے اس میچ میں پاکستان ویمنز ٹیم کی تمام سترہ کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ چونکہ یہ پریکٹس میچ تھا لہذا اس میں دونوں ٹیموں کی پندرہ پندرہ بیٹرز نے بیٹنگ کی۔

پاکستان ویمنز ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 50 اوورز میں 238 رنز بنائے اور اس کی 13 وکٹیں گریں۔

وکٹ کیپر بیٹر نجیہہ علوی نے دو چوکوں کی مدد سے 38 رنز بنائے۔

عمیمہ سہیل نے دو چوکوں کی مدد سے 24 رنز اسکور کیے۔

میزبان ٹیم کی طرف سے جی ای ایس سولیون نے 41 رنز دے کر 4 اور کپتان ایل ایم کاسپیرک نے 40 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

نیوزی لینڈ الیون 50 اوورز کی بیٹنگ میں 181 رنز بنانے میں کامیاب ہوسکی اور اس کی 13 وکٹیں گریں۔اے جی گرکن نے چھ چوکوں کی مدد سے 42 رنز اسکور کیے۔این ایچ پٹیل نے 24 رنز بنائے۔
کپتان نداڈار نے صرف 11 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔عالیہ ریاض ڈیانا بیگ اور نشرہ سندھو نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پاکستان ویمنز ٹیم اس دورے میں اپنا دوسرا پریکٹس میچ جو ٹی ٹوئنٹی ہوگا نیوزی لینڈ الیون کے خلاف جمعرات کو اسی گراؤنڈ میں کھیلے گی۔

پاکستان ویمنز ٹیم نیوزی لینڈ میں تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل اور تین ون ڈے انٹرنیشنل کھیلے گی۔ون ڈے سیریز آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔

-ENDS –

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial